روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر 10 جنوری 2005ء 28 ذیقعد 1425 ہجری 10 صلح 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 8

نور حکمت

حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی کہ علماء کے پاس بیٹھا کرو اور ان کے قرب میں رہو کیونکہ اللہ تعالیٰ نور حکمت کے ذریعہ اسی طرح دلوں کو زندہ کرتا ہے جس طرح آسمان بارش کے ساتھ مردہ زمین کو نئی زندگی دیتا ہے۔

(موطا امام مالک کتاب الجامع باب طلب العلم)

5

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ فرانس و سپین

پیرس میں خطبہ جمعہ، میٹنگز اور 17 صد کلومیٹر بذریعہ سڑک سفر طے کرنے کے بعد بیت بشارت سپین میں ورود

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

31 دسمبر 2004ء

حضور انور نے بیت السلام پیرس میں تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ صبح حضور انور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔ آج دورہ فرانس کا آخری دن تھا۔ 2 بجے حضور انور نے بیت السلام میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ MTA پر Live نشر ہوا۔ حضور انور نے اپنے اس خطبہ جمعہ میں انتظامی امور کی احسن رنگ میں بجا آوری کے تعلق میں جماعت کے عہدیداران اور احباب جماعت کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے رہنما اصول بیان فرمائے اور احباب جماعت کو نظام جماعت کی اطاعت کرنے اور عہدیداران کو احباب جماعت کے ساتھ محبت اور پیار کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی نصیحت فرمائی۔

حضور انور نے جماعت کے عہدوں کو فضل الٰہی اور ایک امانت قرار دیتے ہوئے انتخاب کے وقت عدل اور تقویٰ کو پیش نظر رکھنے کی تاکید فرمائی اور فرمایا کہ ووٹ دینے والے اور جن کو ووٹ دیا جارہا ہے دونوں تقویٰ اور انصاف کے ساتھ اس امانت کا حق ادا کریں۔

حضور انور نے عہدیداران کو یہ نصیحت فرمائی کہ جب تمہارے پاس کوئی معاملہ فیصلے کے لئے آئے تو خواہ وہ تمہارے اپنے خلاف کیوں نہ ہو اسے عدل کے ساتھ نپٹائیں اور اس سلسلہ میں جو بھی شکایات ہیں خواہ اپنے خلاف ہی کیوں نہ ہوں اور شکایت کنندہ اسے امیر یا اپنے صدر کی وساطت سے مرکز کو بھجوانا چاہتا ہے تو پھر معروف جماعتی نظام اور طریق کے مطابق اسے مرکز کو بھجوائیں اور اگر امیر اپنی طرف سے کوئی وضاحت ساتھ کرنا چاہتا ہے تو شکایات کے ساتھ اپنی وضاحت بھجوا سکتا ہے۔

حضور انور نے جماعتی نظام اور مختلف جماعتی معاملات کے بارہ میں تفصیل سے ہدایات دیں۔ (خطبہ کا خلاصہ روزنامہ الفضل 4 جنوری 2005ء میں ملاحظہ فرمائیں)

خطبہ جمعہ کے بعد تین بجے حضور انور نے جمعہ و عصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔

ساڑھے چار بجے حضور انور اپنے دفتر تشریف لائے اور ڈاک ملاحظہ فرمائی اور دفتری ملاقاتوں کے بعد فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں جو چھ بجے تک جاری رہیں۔ فرانس کی دو جماعتوں کی 13 فیملیز کے 40 افراد نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ ان ملاقات کرنے والوں میں امریکہ، کینیڈا اور جرمنی سے آنے والے احباب اور فیملیز بھی شامل تھیں۔

اس کے بعد حضور انور نے بیت السلام میں نماز مغرب وعشاء جمع کرکے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے دو نکاحوں کا اعلان فرمایا۔ اس کے بعد نیشنل مجلس عاملہ لجنہ اماء اللہ فرانس کے ساتھ حضور انور کی میٹنگ ہوئی۔ یہ میٹنگ پون گھنٹہ جاری رہی۔ حضور انور نے لجنہ کے مختلف شعبوں میں کام کا جائزہ لیا اور موقع پر ان کی رہنمائی فرمائی اور کام کو بہتر کرنے کے بارہ میں ان کو تفصیلی ہدایات دیں۔

لجنہ کی میٹنگ کے بعد پونے آٹھ بجے نیشنل مجلس عاملہ جماعت احمدیہ فرانس کے ساتھ حضور انور کی میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے باری باری تمام سیکرٹریان کے کام کا جائزہ لیا اور انہیں ہدایات سے نوازا۔ حضور انور نے چندہ کے معیار اور چندہ دہندگان کی تعداد کا جائزہ لیا اور اس بارے میں تفصیل سے ہدایات دیں۔ حضور انور نے فرمایا جو احباب بے قاعدہ ادا کررہے ہیں۔ ان کو باقاعدہ بنانے کی کوشش کریں۔ اور اس طرح باقاعدہ اور باشرح ادا کرنے والوں کی تعداد بڑھائیں۔ فرمایا جو بالکل ادا نہیں کررہے ان سے بھی رابطہ کریں توجہ دلائیں اور ان کو چندہ کے نظام میں شامل کریں۔ حضور انور نے فرمایا۔ آپ کی جماعت میں اپنے چندہ کے موجودہ بجٹ کو ڈبل کرنے کا پوٹینشل موجود ہے۔ اس کے لئے کوشش کریں۔

حضور انور نے جائزہ لینے کے بعد فرمایا۔ آپ کے چندہ جلسہ سالانہ میں بھی اضافہ کی گنجائش موجود ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اگر بیویاں کمائی کررہی ہوں تو وہ اپنی کمائی پر چندہ ادا کریں۔

شعبہ تربیت کے جائزہ میں حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ ہر جماعت میں نماز کے لئے سنٹر ہونا چاہئے۔ اس لئے جن جماعتوں میں سنٹر نہیں ہیں وہاں بھی سنٹر بنائیں۔ جو قریب لوگ ہیں وہ نماز کے لئے آئیں۔ جمعہ بھی باقاعدہ ہو۔ حضور انور نے فرمایا کہ خلافت سے قبل غانا میں ایک جگہ قیام کے دوران ہم تین آدمی تھے۔ حضور انور اور بیگم صاحبہ۔ فرمایا کہ تیسرے ایک احمدی دوست تھے جو ایک میل دور رہتے تھے۔ وہ پیدل چل کر آتے تھے۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہم تینوں نمازیں بھی پڑھتے تھے۔ جمعہ بھی پڑھتے تھے اور عیدیں بھی پڑھتے تھے۔ فرمایا آجکل تو یہاں گاڑیوں پر آنا ہوتا ہے۔ اس لئے تین چار میل سے آنا کوئی مشکل نہیں۔ اس لئے باقاعدہ ان جماعتوں میں بھی جن کی تعداد کم ہے اور نماز سنٹر نہیں ہیں وہاں نماز سنٹر بنائیں اور نماز باجماعت کی ادائیگی کا اہتمام کریں۔

نومبائعین سے رابطوں کے بارہ میں حضور نے ہدایت فرمائی کہ ہر نومبائع سے باقاعدہ رابطہ رکھ کر اسے اپنے نظام کا حصہ بنائیں اور چندہ کے نظام میں بھی شامل کریں۔

موصی احباب کی تعداد میں اضافہ کے متعلق حضور انور نے جائزہ لیا اور ہدایات فرمائیں۔ شعبہ وقف نو کا جائزہ لیتے ہوئے حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ جو بچے 15 سال سے اوپر ہوچکے ہیں ان سے باقاعدہ سٹیٹمنٹ لیں کہ ہمارے والدین نے ہمیں وقف کیا تھا ہم اس کو جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ اور ہمارا اس اس فیلڈ میں جانے کا پروگرام ہے۔

حضور انور نے سیکرٹری زراعت کو ہدایت فرمائی کہ مشن ہاؤس میں پھول اور پودے وغیرہ لگائیں۔ سیکرٹری جائیداد کو فرمایا کہ جائیداد کا مکمل ریکارڈ آپ کے پاس ہونا ضروری ہے۔ باقاعدہ مختلف جائیدادوں کے سٹاک رجسٹر بنائیں اور اس میں ان عمارات میں موجود اشیاء کا ریکارڈ درج کریں۔

جلسہ کے لئے کسی کھلی اور بڑی جگہ کے ذکر پر حضور انور نے مختلف پہلوؤں سے جائزہ لینے کی ہدایت فرمائی۔

حضور انور نے فرمایا جو احمدی احباب چندہ عام نہیں دیتے۔ ان سے کوئی دوسرا چندہ نہیں لینا۔ جو رقم وہ دیتے ہیں اس کو چندہ عام میں شمار کرکے رسید کاٹیں۔ جب ان کی طرف سے چندہ عام کی ادائیگی مکمل ہوجائے تو پھر تحریک جدید، وقف جدید میں شمار کرسکتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا سوائے نومبائعین کے چونکہ ابھی وہ زیر تربیت ہیں اور ان کو چندہ کی عادت ڈالی جارہی ہے اس لئے وہ جو بھی دیتے ہیں اور جس تحریک کے لئے بھی دیتے ہیں ان سے لے لیا جائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ MTA بھی ہر گھر میں ہونا چاہئے۔ خطبہ سننے کی طرف توجہ دلانا کافی نہیں بلکہ باقاعدہ Data اکٹھا کریں کہ کتنے لوگوں نے سنا۔

حضور انور نے فرمایا اکثر ان گھروں میں جھگڑے اور مسائل پیدا ہوتے ہیں جو خطبے نہیں سنتے یا جو کچھ سنتے ہیں وہ توجہ سے نہیں سنتے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو احمدی طلباء ہیں وہ اپنی سٹوڈنٹ ایسوسی ایشن کے تحت یونیورسٹی / کالجز وغیرہ میں مختلف پروگرام، سیمینار وغیرہ منعقد کرسکتے ہیں۔ اس طرح تعارف اور رابطہ اور دعوت الی اللہ کی ایک راہ

(مسلسل صفحہ 2 پر)

نکل سکتی ہے اور پڑھے لکھے لوگوں تک پیغام پہنچ سکتا ہے۔ میٹنگ کے آخر پر حضور انور نے فرمایا کہ ذیلی تنظیمیں اور جماعتی نظام اکٹھے ہو کر چلیں۔ باہم مل کر بنیان مرصوص کی طرح کام کریں تو ایک Consolidated فورس لگ رہی ہوگی۔ اس طرح کام کرنے سے اور جماعت کی ترقی کی رفتار کئی گنا بڑھ سکتی ہے۔

نیشنل مجلس عاملہ کی یہ میٹنگ رات 9 بجے تک جاری رہی۔ آخر پر مجلس عاملہ کے ممبران نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف حاصل کیا۔ اس میٹنگ کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

یکم جنوری 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت السلام (پیرس) میں پڑھائی۔ نماز فجر کے بعد حضور انور نے بیت الذکر میں موجود سب احباب کو مخاطب ہوتے ہوئے نئے سال کی مبارک باد دی۔ جواب میں احباب کی طرف سے بھی یہ آوازیں بلند ہوئیں کہ حضور کو بھی یہ نیا سال مبارک ہو۔

آج فرانس سے سپین کے لئے روانگی تھی۔ صبح نو بجکر پچیس منٹ پر حضور انور اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور دعا کروائی اس کے بعد قافلہ مشن ہاؤس بیت السلام (پیرس) سے سپین کے لئے روانہ ہوا۔

پروگرام کے مطابق آج کا سفر 982 کلومیٹر تھا۔ 796 کلومیٹر پیرس سے فرانس/سپین کے بارڈر تک اور پھر بارڈر سے مزید آگے 186 کلومیٹر اس ہوٹل تک جس میں رات قیام کے لئے جماعت سپین نے انتظام کیا تھا۔ آج موسم ابر آلود تھا اور بارش بھی ہو رہی تھی۔ دو صد کلومیٹر سفر طے کرنے کے بعد Tours شہر سے گزر کر مین ہائی وے کے اوپر ایک پٹرول پمپ اور کیفے پر قافلہ رکا۔ گاڑیوں میں پٹرول وغیرہ ڈلوایا گیا۔

قریباً نصف گھنٹہ کے قیام کے بعد یہاں سے آگے روانگی ہوئی اور مجموعی طور پر 430 کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد دوپہر ایک بجے Praneco کے علاقہ میں قافلہ رکا۔ یہاں جماعت فرانس نے Hotel Les Ruralies میں ظہر و عصر کی نمازوں اور دوپہر کے کھانے کا انتظام کیا ہوا تھا۔ کھانا پیرس سے تیار کر کے ساتھ لائے تھے۔ نمازوں کے لئے ایک بڑا کمرہ حاصل کیا گیا تھا۔ حضور انور نے یہاں ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ اس کے بعد دوپہر کا کھانا تناول فرمایا۔ یہاں سے اڑھائی بجے اگلے سفر کے لئے روانگی ہوئی۔ روانگی سے قبل حضور انور نے ان منتظمین اور خدام کو شرف مصافحہ بخشا جو کھانا لے کر قافلہ سے قبل یہاں پہنچے تھے اور جملہ امور کا انتظام کیا تھا۔

اگلا پڑاؤ 166 کلومیٹر مزید سفر کے بعد Bordeaux شہر کے قریب مین ہائی وے پر Aire d'Estalot Toial Pomp Station پر تھا۔

چار بجے کے قریب قافلہ اس جگہ پر پہنچا۔ Bordeaux میں مقیم احمدی فیملی کے سربراہ مکرم ناصر احمد خان صاحب نے یہاں چائے وغیرہ کا انتظام کیا ہوا تھا۔

سپین سے آنے والا وفد جو مکرم مبارک احمد صاحب امیر جماعت سپین، عبداللہ قدیم صاحب مربی انچارج سپین، ملک طارق صاحب مربی پیدرو آباد سپین اور طاہر احمد صاحب صدر خدام الاحمدیہ اور فضل احمد قمر صاحب پر مشتمل تھا، نے اسی جگہ پر حضور انور کا استقبال کیا۔ یہاں سے ابھی فرانس/سپین کا بارڈر دو صد کلومیٹر دور تھا۔ سپین سے آنے والے وفد نے فرانس میں دو صد کلومیٹر اندر آ کر حضور انور کو خوش آمدید کہا۔

سپین میں آمد

چار بجکر چالیس منٹ پر یہاں سے اگلے سفر کے لئے روانگی ہوئی۔ روانگی سے قبل حضور انور نے امیر صاحب فرانس، نائب امیر صاحب فرانس، صدر خدام الاحمدیہ اور ساتھ آنے والے دیگر عہدیداران اور خدام کو شرف مصافحہ بخشا۔ یہ سب احباب صبح پیرس سے ہی قافلہ کے ساتھ تھے۔ فرانس کی دو گاڑیاں قافلہ کے ساتھ تھیں۔ ایک گاڑی Lead کر رہی تھی اور دوسری سب سے آخر پر تھی۔ جماعت سپین سے آنے والا وفد بھی دو گاڑیوں میں آیا تھا۔ اب یہاں سے اگلے سفر کے لئے سپین کی گاڑی نے Lead کیا اور ان کی دوسری گاڑی قافلہ کی گاڑیوں کے پیچھے تھی۔ آگے روانگی سے قبل حضور انور نے دعا کروائی اور یہاں سے فرانس کے احباب واپس پیرس کے لئے روانہ ہوئے جبکہ قافلہ آگے سپین کے لئے روانہ ہوا۔ یہ دو صد کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنے کے بعد شام چھ بجکر 35 منٹ پر فرانس کا بارڈر بمقام San Sebastian کراس کر کے سپین میں داخل ہوئے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ سپین کا پہلا سفر تھا۔ بارڈر کراس کرنے کے بعد ابھی مزید 186 کلومیٹر کا سفر باقی تھا۔ جماعت سپین نے Pancurvo کے علاقہ میں ہوٹل El Molino میں حضور انور اور قافلہ کے دیگر ممبران کی رہائش کا انتظام کیا ہوا تھا۔

بارڈر کراس کرنے کے بعد شام 7 بجے کے قریب راستہ میں ایک کیفے میں کچھ دیر کے لئے رکے پھر آگے روانگی ہوئی اور سپین کے تین بڑے شہروں San Sebastian، Bilbao اور Victoria سے گزرتے ہوئے رات نو بجے اپنے جائے قیام ہوٹل El Molino پہنچے۔ بارڈر سے ہوٹل تک کا 186 کلومیٹر کا سفر ایک پہاڑی سفر تھا۔ رات کی تاریکی میں پہاڑیوں پر بجلی کی روشنیوں میں آبادی کے مناظر بہت خوبصورت اور بھلے دکھائی دیتے تھے۔ پہاڑوں کے دامن میں وادیوں نے روشنیوں کا لباس پہنا ہوا تھا۔ بل کھاتی ہوئی سٹریٹ لائٹس ان مناظر کی خوبصورتی میں اضافہ کر رہی تھیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع آخری بار جب 1995ء میں براستہ فرانس سپین آئے تھے تو دوران سفر اسی ہوٹل میں رات قیام فرمایا تھا۔ اور حضور کا قیام ہوٹل کے کمرہ نمبر 109 میں تھا۔ آج دس سال بعد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بھی دوران سفر اسی ہوٹل میں قیام فرمایا اور حضور ایدہ اللہ کی رہائش بھی کمرہ نمبر 109 میں تھی۔

ہوٹل میں پہنچنے کے بعد ساڑھے نو بجے حضور انور نے نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔

آج کا مجموعی سفر 982 کلومیٹر تھا۔ صبح نو بجے پیرس فرانس سے روانہ ہو کر رات نو بجے Pancurvo سپین پہنچے۔ گویا بارہ گھنٹے سڑک کے اوپر ایک تھکا دینے والا سفر تھا۔ جو آخر رات 9 بجے اپنے اختتام کو پہنچا۔

2 جنوری 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہوٹل El Molino میں پڑھائی۔ آج پروگرام کے مطابق یہاں سے میڈرڈ (Madrid) اور پھر آگے پیدرو آباد کے لئے روانگی تھی۔

صبح 9 بجکر پچاس منٹ پر حضور انور ہوٹل سے باہر تشریف لائے اور دعا کے بعد میڈرڈ کے لئے روانگی ہوئی۔ یہاں سے میڈرڈ کا فاصلہ 330 کلومیٹر ہے۔ یہ سفر بھی پہاڑوں پر ہے۔ راستہ میں بہت کم میدانی جگہیں آتی ہیں۔ یہ سارا علاقہ بہت خوبصورت ہے اور برف پوش پہاڑوں سے ڈھکا ہے۔ پہاڑوں پر ہی شہر اور قصبات آباد ہیں۔ مختلف جگہوں پر سڑک بل کھاتی ہوئی جاتی ہے تو ہر آنے والا نیا منظر پہلے سے بڑھ کر خوبصورت معلوم ہوتا ہے۔ پہاڑوں کی چوٹیوں پر قلعے بھی نظر آتے ہیں جو مسلمانوں نے اپنے سات سو سالہ دور حکومت میں تعمیر کئے تھے۔

دوپہر ایک بجے میڈرڈ پہنچے۔ پروگرام کے مطابق مکرم مبارک احمد خان صاحب امیر جماعت سپین کے گھر نماز ظہر و عصر کی ادائیگی اور دوپہر کے کھانے کا انتظام تھا۔

حضور نے یہاں ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں اور بعدہ کھانا تناول فرمایا۔

اڑھائی بجے یہاں سے بیت بشارت پیدرو آباد کے لئے روانگی ہوئی یہاں سے پیدرو آباد کا فاصلہ 368 کلومیٹر ہے۔ دوران سفر ساڑھے چار بجے کے قریب راستہ میں ایک جگہ Tryp El Hidalgo (Tryp Hoteles) رک کر چائے وغیرہ پی اور پھر آگے پیدرو آباد کے لئے روانگی ہوئی۔ شام سوا چھ بجے کے قریب جبکہ قافلہ قرطبہ جانے والی مین ہائی وے پر رواں دواں تھا کہ پیدرو آباد گاؤں کے قریب دور سے ہی بیت بشارت سپین نظر آنی شروع ہوگئی۔ یہ بیت الذکر مین ہائی وے سے بلندی پر ہے اس لئے دور سے ہی نظر آتی ہے اور بہت خوبصورت لگتی ہے۔ چھ بج کر بیس منٹ پر حضور انور بیت بشارت سپین پہنچے۔ جہاں سپین کی مختلف جماعتوں سے آئے ہوئے احباب جماعت نے حضور انور کا استقبال کیا۔ حضور انور جب گاڑی سے اترے تو مربیان کرام کلیم احمد صاحب، محبوب الرحمٰن صاحب اور عبدالصبور نعمان صاحب نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔ احباب جماعت مسلسل نعرے بلند کر رہے تھے۔

حضور انور نے اس موقع پر موجود تمام احباب کو شرف مصافحہ بخشا۔ ان استقبال کرنے والوں میں ہمسایہ ملک پرتگال سے آنے والے احباب جماعت بھی موجود تھے۔ احباب جماعت سے مصافحہ کے بعد حضور انور خواتین کی طرف تشریف لے گئے اور انہیں شرف زیارت بخشا۔ بچیاں کورس کی شکل میں استقبالیہ نظم پڑھ رہی تھیں۔ جونہی حضور انور ان کے قریب آئے ان کی آواز دب گئی اور حضور انور کو دیکھتے ہی ان کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں اور انہوں نے رونا شروع کر دیا۔ ان سب نے پہلی بار حضور انور کو اپنے اتنا قریب دیکھا تھا۔ خواتین بھی سسکیاں لیتے ہوئے اپنے ہاتھ ہلا رہی تھیں۔ آنسوؤں اور سسکیوں کے ساتھ استقبال کا یہ منظر بڑا ہی روح پرور اور ایمان افروز تھا۔

اس کے بعد حضور انور بیت الذکر اور مشن ہاؤس کے ساتھ ملحقہ اپنی رہائش گاہ تشریف لے گئے۔ شام 7 بجے حضور انور نے بیت بشارت میں نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے بیت الذکر مشن ہاؤس، دفاتر، گیسٹ ہاؤس اور بیرونی جگہ کا معائنہ فرمایا۔ حضور انور نے جلسہ کے انتظامات کے بارہ میں دریافت فرمایا اور مختلف امور کے بارہ میں موقع پر ہدایات دیں۔

اس معائنہ کے بعد آٹھ بجے کے قریب حضور انور اپنی رہائش گاہ تشریف لے گئے۔ آج کا سفر بھی مجموعی طور پر 700 کلومیٹر کے قریب تھا اور لمبا سفر تھا۔ الحمد للہ فرانس سے پیدرو آباد سپین تک پہنچنے کے لئے سفر کا یہ دوسرا حصہ بھی بخیر و خوبی طے ہوا۔ اس طرح ان دو ایام میں پیرس فرانس سے 17 صد کلومیٹر کے قریب سفر طے کر کے پیدرو آباد سپین پہنچے اور سپین کی سرزمین پر پہلی بار حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک قدم پڑے۔

3 جنوری 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت بشارت سپین میں پڑھائی۔

ساڑھے دس بجے حضور انور نے مشن ہاؤس اور بیت الذکر کے بعض حصوں کا وزٹ کیا اور تعمیراتی پلاننگ کا جائزہ لیا اور موقع پر ہدایات دیں۔ حضور انور نے جماعتی کتب کے سٹور کا بھی معائنہ فرمایا اور کتب کے بارہ میں متعلقہ شعبہ کو ہدایات دیں۔

(باقی صفحہ 11 پر)

تدبیر، دعا اور صحبت صادقین خاتمہ بالخیر کے تین اہم ذرائع ہیں

تدبیر ایک مخفی عبادت ہے۔ اس سے وہ راہ کھلتی ہے جو بدیوں سے نجات پانے کی راہ ہے

دعا انسان کو پاک کرتی ہے، خدا پر زندہ ایمان بخشتی ہے، گناہ سے نجات دیتی ہے اور نیکیوں پر اس کے ذریعہ استقامت آتی ہے

سیدنا حضرت مسیح موعود کا جلسہ سالانہ 29 دسمبر 1904ء کو بعد نماز ظہر بیت اقصیٰ قادیان میں خطاب

﴿قسط اول﴾

میری طرف سے اپنی جماعت کو بار بار وہی نصیحت ہے جو میں پہلے بھی کئی دفعہ کر چکا ہوں کہ عمر چونکہ تھوڑی اور عظیم الشان کام درپیش ہے اس لئے کوشش کرنی چاہئے کہ خاتمہ بالخیر ہو جاوے۔

خاتمہ بالخیر ایسا امر ہے کہ اس کی راہ میں بہت سے کانٹے ہیں۔ جب انسان دنیا میں آتا ہے تو کچھ زمانہ اس کا بے ہوشی میں گزر جاتا ہے۔ یہ بے ہوشی کا زمانہ وہ ہے جبکہ وہ بچہ ہوتا ہے اور اس کو دنیا اور اس کے حالات سے کوئی خبر نہیں ہوتی۔ اس کے بعد جب ہوش سنبھالتا ہے تو ایک ایسا زمانہ آتا ہے کہ وہ بے ہوشی تو نہیں ہوتی جو بچپن میں تھی لیکن جوانی کی ایک مستی ہوتی ہے جو اس ہوش کے دنوں میں بھی بے ہوشی پیدا کر دیتی ہے اور کچھ ایسا ازخود رفتہ ہو جاتا ہے کہ نفس امارہ غالب آ جاتا ہے۔ اس کے بعد پھر تیسرا زمانہ آتا ہے کہ علم کے بعد پھر لاعلمی آ جاتی ہے اور حواس میں اور دوسرے قویٰ میں فتور آنے لگتا ہے۔ یہ پیرانہ سالی کا زمانہ ہے۔ بہت سے لوگ اس زمانہ میں بالکل حواس باختہ ہو جاتے ہیں اور قویٰ بیکار ہو جاتے ہیں۔ اکثر لوگوں میں جنون کا مادہ پیدا ہو جاتا ہے۔ ایسے بہت سے خاندان ہیں کہ ان میں ساٹھ یا ستر سال کے بعد انسان کے حواس میں فتور آ جاتا ہے۔ غرض اگر ایسا نہ بھی ہو تو بھی قویٰ کی کمزوری اور طاقتوں کے ضائع ہو جانے سے انسان ہوش میں بے ہوش ہوتا ہے اور ضعف و تکاہل اپنا اثر کرنے لگتا ہے۔ انسان کی عمر کی تقسیم انہیں تین زمانوں پر ہے اور یہ تینوں ہی خطرات اور مشکلات میں ہیں۔ پس اندازہ کرو کہ خاتمہ بالخیر کے لئے کس قدر مشکل مرحلہ ہے۔

بچپن کا زمانہ تو ایک مجبوری کا زمانہ ہے۔ اس میں سوائے لہو لعب اور کھیل کود اور چھوٹی چھوٹی خواہشوں کے اور کوئی خواہش ہی نہیں ہوتی۔ ساری خواہشوں کا منتہا کھانا پینا ہی ہوتا ہے۔ دنیا اور اس کے حالات سے محض ناواقف ہوتا ہے۔ امور آخرت سے بکلی ناآشنا اور لاپرواہ ہوتا ہے۔ عظیم الشان امور کی اسے کوئی خبر ہی نہیں ہوتی۔ وہ نہیں جانتا کہ دنیا میں اس کے آنے کی کیا غرض اور مقصد ہے۔ یہ زمانہ تو یوں گزر گیا۔ اس کے بعد جوانی کا زمانہ آتا ہے۔ کچھ شک نہیں کہ اس زمانہ میں اس کے معلومات بڑھتے ہیں اور اس کی خواہشوں کا حلقہ وسیع ہوتا ہے، مگر جوانی کی مستی اور نفس امارہ کے جذبات عقل مار دیتے ہیں اور ایسی مشکلات میں پھنس جاتا ہے اور ایسے ایسے حالات پیش آتے ہیں کہ اگر ایمان بھی لاتا ہے تب بھی نفس امارہ اور اس کے جذبات اپنی طرف کھینچتے ہیں اور اسے ایمان اور اس کے ثمرات سے دور پھینک دینے کے لئے حملے کرتے ہیں۔ اس کے بعد جو پیرانہ سالی کا زمانہ ہے وہ تو بجائے خود ایسا نکما اور ردی ہوتا ہے جیسے کسی چیز سے عرق نکال لیا جاوے اور اس کا پھوک باقی رہ جاوے۔ اسی طرح پر انسانی عمر کا پھوک بڑھاپا ہے۔ انسان اس وقت نہ دنیا کے لائق رہتا ہے اور نہ دین کے۔ مخبوط الحواس اور مضمحل سا ہو کر اوقات بسر کرتا ہے۔ قویٰ میں وہ تیزی اور حرکت نہیں ہوتی جو جوانی میں ہوتی ہے اور بچپن کے زمانہ سے بھی گیا گزرا ہو جاتا ہے۔ بچپن میں اگرچہ شوخی، حرکت اور نشوونما ہوتا ہے لیکن بڑھاپے میں یہ باتیں نہیں۔ نشوونما کی بجائے اب قویٰ میں تحلیل ہوتی ہے اور کمزوری کی وجہ سے سستی اور کاہلی پیدا ہونے لگتی ہے۔

بچہ اگرچہ نماز اور اس کے مراتب اور ثمرات کے فوائد سے ناواقف ہو گا یا ہوتا ہے لیکن اپنے کسی عزیز کو دیکھ کر ریس اور امنگ ہی پیدا ہو جاتی ہے مگر اس پیرانہ سالی کے زمانہ میں تو اس کے بھی قابل نہیں رہتا۔

حواس باطنی میں جس طرح اس وقت فرق آ جاتا ہے حواس ظاہری میں بھی معمر ہو کر بہت کچھ فتور پیدا ہو جاتا ہے۔ بعض اندھے ہو جاتے ہیں، بہرے ہو جاتے ہیں۔ چلنے پھرنے سے عاری ہو جاتے ہیں اور قسم قسم کی مصیبتوں اور دکھوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ غرض یہ زمانہ بھی بڑا ہی ردی زمانہ ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک ہی زمانہ ہے جو ان دونوں کے بیچ کا زمانہ ہے یعنی شباب کا جب انسان کوئی کام کر سکتا ہے کیونکہ اس وقت قویٰ میں نشوونما ہوتا ہے اور طاقتیں آتی ہیں، لیکن یہی زمانہ ہے جبکہ نفس امارہ ساتھ ہوتا ہے، اور وہ اس پر مختلف رنگوں میں حملے کرتا ہے اور اپنے زیر اثر رکھنا چاہتا ہے۔ یہی زمانہ ہے جو مواخذہ کا زمانہ ہے اور خاتمہ بالخیر کے لئے کچھ کرنے کے دن بھی یہی ہیں، لیکن ایسی آفتوں میں گھرا ہوا ہے کہ اگر بڑی سعی نہ کی جاوے تو یہی زمانہ ہے جو جہنم میں لے جائے گا اور شقی بنا دے گا۔ ہاں اگر عمدگی اور ہوشیاری اور پوری احتیاط کے ساتھ اس زمانہ کو بسر کیا جاوے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے امید ہے کہ خاتمہ بالخیر ہو جاوے کیونکہ ابتدائی زمانہ تو بے خبری اور غفلت کا زمانہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کا مواخذہ نہ کرے گا جیسا کہ اس نے خود فرمایا **لا یکلف اللّٰہ** (–) (البقرہ:287)

اور آخری زمانہ میں گو بڑھاپے کی وجہ سے سستی اور کاہلی ہو گی لیکن فرشتے اس وقت اس کے اعمال میں وہی لکھیں گے جو جوانی کے جذبات اور خیالات ہیں۔ جوانی میں اگر نیکیوں کی طرف مستعد اور خدا تعالیٰ کا خوف رکھنے والا، اس کے احکام کی تعمیل کرنے والا اور نواہی سے بچنے والا ہے تو بڑھاپے میں گو ان کے اعمال کی بجا آوری میں کسی قدر سستی بھی ہو جاوے لیکن اللہ تعالیٰ اسے معذور سمجھ کر ویسا ہی اجر دیتا ہے۔

ہر شخص بڑھے انسان کو دیکھتا ہے کہ وہ کیسا ازخود رفتگی کا زمانہ ہے۔ کوئی بات چشم دید کی طرح سمجھ میں نہیں آتی ہے۔ اس لئے ان لوگوں پر خدا تعالیٰ کا بڑا ہی فضل ہوتا ہے جو ابتدائی زمانہ میں اس زمانہ کے لئے سعی کرتے ہیں۔ اور اس زمانہ میں ان کے لئے وہی تقویٰ اور خدا تعالیٰ کی بندگی لکھی جاتی ہے۔ غرض آخر وہی ایک زمانہ جو جوانی کے جذبات اور نفس امارہ کی شوخیوں کا زمانہ ہے کچھ کام کرنے کا زمانہ رہ جاتا ہے۔ اس لئے اب سوچنا چاہئے کہ وہ کیا طریق ہے جس کو اختیار کر کے انسان کچھ آخرت کے لئے کما سکے۔

خاتمہ بالخیر کے حصول کے تین ذرائع

اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ زمانہ جو شباب اور جوانی کا زمانہ ہے ایک ایسا زمانہ ہے کہ نفس امارہ نے اس کو ردی کیا ہوا ہے لیکن اگر کوئی کارآمد ایام ہیں تو یہی ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی زبانی قرآن شریف میں درج ہے۔ (–) (یوسف:54) یعنی میں اپنے نفس کو بری نہیں ٹھہرا سکتا کیونکہ نفس امارہ بدی کی طرف تحریک کرتا ہے۔ اس کی اس قسم کی تحریکوں سے وہی پاک ہو سکتا ہے جس پر میرا رب رحم کرے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ کی بدیوں اور جذبات سے بچنے کے واسطے نری کوشش ہی شرط نہیں بلکہ دعاؤں کی بہت بڑی ضرورت ہے۔ نرا زہد ظاہری ہی (جو انسان اپنی سعی اور کوشش سے کرتا ہے) کارآمد نہیں ہوتا جب تک خدا تعالیٰ کا فضل اور رحم ساتھ نہ ہو اور اصل تو یہ ہے کہ اصل زہد اور تقویٰ تو ہے ہی وہی جو خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے۔ حقیقی پاکیزگی اور حقیقی تقویٰ اسی طرح ملتا ہے۔ ورنہ کیا یہ سچ نہیں ہے کہ بہت سے جامے بالکل سفید ہوتے ہیں اور باوجود سفید ہونے کے بھی وہ پلید ہو سکتے ہیں تو اس ظاہری تقویٰ اور طہارت کی ایسی ہی مثال ہے۔ تاہم اس حقیقی پاکیزگی اور حقیقی تقویٰ اور طہارت کے حصول کے لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ اسی زمانہ شباب و جوانی میں انسان کوشش کرے جبکہ قویٰ میں قوت اور طاقت اور دل میں ایک امنگ اور جوش ہوتا ہے۔ اس زمانہ میں کوشش کرنا عقلمند کا کام ہے اور عقل اسی لئے اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔

پہلا ذریعہ تدبیر

اس مقصد کے حاصل کرنے کے واسطے (جیسا کہ میں پہلے کئی مرتبہ بیان کر چکا ہوں) اول ضروری ہے کہ انسان دیدہ دانستہ اپنے آپ کو گناہ کے گڑھے میں نہ ڈالے ورنہ وہ ضرور ہلاک ہو گا۔ جو شخص دیدہ دانستہ بدراہ اختیار کرتا ہے یا کنوئیں میں گرتا ہے اور زہر کھاتا ہے وہ یقیناً ہلاک ہو گا۔ ایسا شخص نہ دنیا کے نزدیک اور نہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قابل رحم ٹھہر سکتا ہے اس لئے یہ ضروری اور بہت ضروری ہے۔ خصوصاً ہماری جماعت کے لئے (جس کو اللہ تعالیٰ نمونہ کے طور پر انتخاب کرتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ آنے والی نسلوں کے لئے ایک نمونہ ٹھہرے) کہ جہاں تک ممکن ہے بدصحبتوں اور بدعادتوں سے پرہیز کریں اور اپنے آپ کو نیکی کی طرف لگائیں۔ اس مقصد کے حاصل کرنے کے واسطے جہاں تک تدبیر کا حق ہے تدبیر کرنی چاہئے اور کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرنا چاہئے۔

یاد رکھو تدبیر بھی ایک مخفی عبادت ہے۔ اس کو حقیر مت سمجھو۔ اسی سے وہ راہ کھل جاتی ہے جو بدیوں سے نجات پانے کی راہ ہے۔ جو لوگ بدیوں سے بچنے کی

تجویزاور تدبیر نہیں کرتے ہیں وہ گویا بدیوں پر راضی ہو جاتے ہیں اور اس طرح پر خدا تعالیٰ ان سے الگ ہو جاتا ہے۔

میں سچ کہتا ہوں کہ جب انسان نفس امارہ کے پنجہ میں گرفتار ہونے کے باوجود بھی تدبیروں میں لگا ہوا ہوتا ہے تو اس کا نفس امارہ خدا تعالیٰ کے نزدیک لوامہ ہو جاتا ہے اور ایسی قابل قدر تبدیلی پالیتا ہے کہ یا تو وہ امارہ تھا جو لعنت کے قابل تھا اور تدبیر اور تجویز کرنے سے وہی قابل لعنت نفس امارہ نفس لوامہ ہو جاتا ہے جس کو یہ شرف حاصل ہے کہ خدا تعالیٰ بھی اس کی قسم کھاتا ہے۔ یہ کوئی چھوٹا شرف نہیں ہے۔ پس حقیقی تقویٰ اور طہارت حاصل کرنے کے واسطے اول یہ ضروری شرط ہے کہ جہاں تک بس چلے اور ممکن ہو تدبیر کرو اور بدی سے بچنے کی کوشش کرو۔ بدعادتوں اور بدصحبتوں کو ترک کر دو۔ ان مقامات کو چھوڑ دو جو اس قسم کی تحریکوں کا موجب ہوسکیں۔ جس قدر دنیا میں تدابیر کی راہ کھلی ہے اس قدر کوشش کرو اور اس سے نہ تھکو نہ ہٹو۔

دوسرا ذریعہ دعا

دوسرا طریق حقیقی پاکیزگی کے حاصل کرنے اور خاتمہ بالخیر کے لئے جو خدا تعالیٰ نے سکھایا ہے وہ دعا ہے۔ اس لئے جس قدر ہو سکے دعا کرو۔ یہ طریق بھی اعلیٰ درجہ کا مجرب اور مفید ہے کیونکہ خدا تعالیٰ نے خود وعدہ فرمایا ہے(-)(المومن:61) تم مجھ سے دعا کرو میں تمہارے لئے قبول کروں گا۔ دعا ہی ایک ایسی چیز ہے جس کے ساتھ ...... کو فخر کرنا چاہئے۔ دوسری قوموں کو دعا کی کوئی قدر نہیں اور نہ انہیں اس پاک طریق پر کوئی فخر اور ناز ہوسکتا ہے۔ بلکہ یہ فخر اور ناز صرف ......ہی کو ہے۔ دوسرے مذاہب اس سے بکلی بے بہرہ ہیں۔

مگر یہ یاد رکھو کہ یہ دعا زبانی بک بک کا نام نہیں ہے بلکہ یہ وہ چیز ہے کہ دل خدا تعالیٰ کے خوف سے بھر جاتا ہے اور دعا کرنے والے کی روح پانی کی طرح بہہ کر آستانہ الوہیت پر گرتی ہے اور اپنی کمزوریوں اور لغزشوں کے لئے قوی اور مقتدر خدا سے طاقت اور قوت اور مغفرت چاہتی ہے اور یہ وہ حالت ہے کہ دوسرے الفاظ میں اس کو موت کہہ سکتے ہیں۔ جب یہ حالت میسر آجاوے تو یقیناً سمجھو کہ باب اجابت اس کے لئے کھولا جاتا ہے اور خاص قوت اور فضل اور استقامت بدیوں سے بچنے اور نیکیوں پر استقلال کے لئے عطا ہوتی ہے۔ یہ ذریعہ سب سے بڑھ کر زبردست ہے۔

اس زمانہ کے لوگ دعا کی تاثیرات سے منکر ہو گئے ہیں مگر بڑی مشکل یہ ہے کہ لوگ دعا کی حقیقت اور حالت سے محض ناواقف ہیں۔ اور اسی وجہ سے اس زمانہ میں بہت سے لوگ اس سے منکر ہو گئے ہیں کیونکہ وہ ان تاثیرات کو نہیں پاتے اور منکر ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ جو کچھ ہونا ہے وہ تو ہونا ہی ہے پھر دعا کی کیا حاجت ہے۔ مگر میں خوب جانتا ہوں کہ یہ تو نرا بہانہ ہے۔ انہیں چونکہ دعا کا تجربہ نہیں، اس کی تاثیرات پر اطلاع نہیں اس لئے اس طرح کہہ دیتے ہیں ورنہ اگر وہ ایسے ہی متوکل ہیں تو پھر بیمار ہو کر علاج کیوں کرتے ہیں؟ خطرناک امراض میں مبتلا ہوتے ہیں تو طبیب کی طرف دوڑے جاتے ہیں۔ بلکہ میں سچ کہتا ہوں کہ سب سے زیادہ چارہ کرنے والے یہی ہوتے ہیں۔ سید احمد خاں بھی دعا کے منکر تھے لیکن جب ان کا پیشاب بند ہوا تو دہلی سے معالج ڈاکٹر کو بلایا۔ یہ نہ سمجھ لیا کہ خود بخود ہی پیشاب کھل جاوے گا حالانکہ وہی خدا ہے جس کے ملکوت میں ظاہری دنیا ہے جبکہ دوسرے اشیاء میں تاثیرات موجود ہیں تو کیا وجہ ہے کہ باطنی دنیا میں تاثیرات نہ ہوں، جن میں سے دعا ایک زبردست چیز ہے۔ یہ سچ ہے کہ خدا تعالیٰ کے قضاء وقدر میں سب کچھ ہے مگر کوئی یہ تو بتائے کہ خدا تعالیٰ نے وہ فہرست کس کو دی ہے جس سے معلوم ہو جاوے۔ میں سچ کہتا ہوں کہ ان اسرار پر کوئی فتح نہیں پا سکتا۔ ظاہر میں ہم دیکھتے ہیں کہ ایک شخص قبض سے بیمار ہے تو تربد یا کسٹرائیل جب اس کو دیا جاوے گا تو اسے اسہال آجاویں گے۔ اور قبض کھل جائے گی۔ کیا یہ اس امر کا بین ثبوت نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ نے تاثیرات رکھی ہوئی ہیں۔

اسی طرح پر اور تدابیر کرنے والے ہیں۔ مثلاً زراعت کرنے والے اور یہی معالجات کرنے والے۔ وہ خوب جانتے ہیں کہ ان تدابیر کی وجہ سے انہوں نے فائدہ اٹھایا ہے اور اشیاء میں مختلف اثر دیکھے ہیں۔ پھر جبکہ ان چیزوں میں تاثیرات موجود ہیں تو کیا وجہ ہے کہ دعاؤں میں جو وہ بھی مخفی اسباب اور تدابیر ہیں اثر نہ ہوں؟ اثر ہیں اور ضرور ہیں لیکن تھوڑے لوگ ہیں جو ان تاثیرات سے واقف اور آشنا ہیں اس لئے انکار کر بیٹھتے ہیں۔

آداب دعا

میں یقیناً جانتا ہوں کہ چونکہ بہت سے لوگ دنیا میں ایسے ہیں جو اس نقطہ سے جہاں دعا اثر کرتی ہے دور رہ جاتے ہیں اور وہ تھک کر دعا چھوڑ دیتے ہیں اور خود ہی یہ نتیجہ نکال لیتے ہیں کہ دعاؤں میں کوئی اثر نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ تو ان کی اپنی غلطی اور کمزوری ہے۔ جب تک کافی وزن نہ ہو خواہ زہر ہو یا تریاق اس کا اثر نہیں ہوتا۔ کسی کو بھوک لگی ہوئی ہو اور وہ چاہے کہ ایک دانہ سے پیٹ بھر لے یا تولہ بھر غذا کھالے تو کیا ہو سکتا ہے کہ وہ سیر ہو جاوے؟ کبھی نہیں۔ اسی طرح جس کو پیاس لگی ہوتی ہے ایک قطرہ پانی سے اس کی پیاس کب بجھ سکتی ہے۔ بلکہ سیر ہونے کے لئے چاہئے کہ وہ کافی غذا کھاوے اور پیاس بجھانے کے واسطے لازم ہے کہ کافی پانی پیوے۔ تب جا کر اس کی تسلی ہوسکتی ہے۔

اسی طرح پر دعا کرتے وقت بے دلی اور گھبراہٹ سے کام نہیں لینا چاہئے اور جلدی ہی تھک کر نہیں بیٹھنا چاہئے بلکہ اس وقت تک ہٹنا نہیں چاہئے جب تک دعا اپنا پورا اثر نہ دکھائے۔ جو لوگ تھک جاتے اور گھبرا جاتے ہیں وہ غلطی کرتے ہیں کیونکہ یہ محروم رہ جانے کی نشانی ہے۔ میرے نزدیک دعا بہت عمدہ چیز ہے اور میں اپنے تجربہ سے کہتا ہوں خیالی بات نہیں۔ جو مشکل کسی تدبیر سے حل نہ ہوتی ہو اللہ تعالیٰ دعا کے ذریعہ اسے آسان کر دیتا ہے۔ میں سچ کہتا ہوں کہ دعا بڑی زبردست اثر والی چیز ہے۔ بیماری سے شفا اس کے ذریعہ ملتی ہے۔ دنیا کی تنگیاں، مشکلات اس سے دور ہوتی ہیں۔ دشمنوں کے منصوبے سے یہ بچا لیتی ہے اور وہ کیا چیز ہے جو دعا سے حاصل نہیں ہوتی۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ انسان کو پاک یہ کرتی ہے اور خدا تعالیٰ پر زندہ ایمان یہ بخشتی ہے۔ گناہ سے نجات دیتی ہے اور نیکیوں پر استقامت اس کے ذریعہ سے آتی ہے۔ بڑا ہی خوش قسمت وہ شخص ہے جس کو دعا پر ایمان ہے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی عجیب در عجیب قدرتوں کو دیکھتا ہے اور خدا تعالیٰ کو دیکھ کر ایمان لاتا ہے کہ وہ قادر کریم خدا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے شروع قرآن ہی میں دعا سکھائی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بڑی عظیم الشان اور ضروری چیز ہے۔ اس کے بغیر انسان کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔(-)(الفاتحہ:2-4) اس میں اللہ تعالیٰ کی چار صفات کو جوام الصفات ہیں بیان فرمایا ہے۔

رب العٰلمین ظاہر کرتا ہے کہ وہ ذرہ ذرہ کی ربوبیت کر رہا ہے۔ **عالم** اسے کہتے ہیں جس کی خبر مل سکے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز دنیا میں ایسی نہیں ہے جس کی ربوبیت نہ کرتا ہو۔ ارواح اجسام وغیرہ سب کی ربوبیت کر رہا ہے۔ وہی ہے جو ہر ایک چیز کے حسب حال اس کی پرورش کرتا ہے۔ جہاں جسم کی پرورش فرماتا ہے وہاں روح کی سیری اور تسلی کے لئے معارف اور حقائق وہی عطا فرماتا ہے۔

پھر فرمایا ہے کہ وہ **رحمٰن** ہے یعنی اعمال سے بھی پیشتر اس کی رحمتیں موجود ہیں۔ پیدا ہونے سے پہلے ہی زمین، چاند، سورج، ہوا، پانی وغیرہ جس قدر اشیاء انسان کے لئے ضروری ہیں موجود ہوتی ہیں۔

اور پھر وہ اللہ رحیم ہے یعنی کسی کے نیک اعمال کو ضائع نہیں کرتا بلکہ پاداش عمل دیتا ہے۔

پھر **مالک یوم الدین** ہے یعنی جزا وہی دیتا ہے اور وہی **یوم الجزاء** کا مالک ہے۔ اس قدر صفات اللہ کے بیان کے بعد دعا کی تحریک کی ہے۔ جب انسان اللہ تعالیٰ کی ہستی اور ان صفات پر ایمان لاتا ہے تو خواہ مخواہ روح میں ایک جوش اور تحریک ہوتی ہے اور دعا کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف جھکتی ہے۔ اس کے بعد **اھدنا الصراط المستقیم** کی ہدایت فرمائی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی تجلیات اور رحمتوں کے ظہور کے لئے دعا کی بہت بڑی ضرورت ہے۔ اس لئے اس پر ہمیشہ کمر بستہ رہو اور کبھی مت تھکو۔

غرض اصلاح نفس کے لئے اور خاتمہ بالخیر ہونے کے لئے، نیکیوں کی توفیق پانے کے واسطے دوسرا پہلو دعا کا ہے۔ اس میں جس قدر توکل اور یقین اللہ تعالیٰ پر کرے گا اور اس راہ میں نہ تھکنے والا قدم رکھے گا اسی قدر عمدہ نتائج اور ثمرات ملیں گے۔ تمام مشکلات دور ہو جائیں گی اور دعا کرنے والا تقویٰ کے اعلیٰ محل پر پہنچ جائے گا۔ یہ بالکل سچی بات ہے کہ جب تک خدا تعالیٰ کسی کو پاک نہ کرے کوئی پاک نہیں ہوسکتا۔ نفسانی جذبات پر محض خدا تعالیٰ کے فضل اور جذبہ ہی سے موت آتی ہے اور یہ فضل اور جذبہ دعا ہی سے پیدا ہوتا ہے اور یہ طاقت صرف دعا ہی سے ملتی ہے۔

میں پھر کہتا ہوں کہ ......اور خصوصاً ہماری جماعت کو ہرگز ہرگز دعا کی بے قدری نہیں کرنی چاہئے۔ کیونکہ یہی دعا تو ہے جس پر ......کو ناز کرنا چاہئے۔ اور دوسرے مذاہب کے آگے تو دعا کے لئے گندے پتھر پڑے ہوئے ہیں اور وہ توجہ نہیں کر سکتے۔ ......اس لئے یاد رکھو کہ یہ...... کا فخر اور ناز ہے کہ اس میں دعا کی تعلیم ہے۔ اس میں کبھی سستی نہ کرو اور نہ اس سے تھکو۔

پھر دعا خدا تعالیٰ کی ہستی کا زبردست ثبوت ہے۔ چنانچہ خدا تعالیٰ ایک جگہ فرماتا ہے(-)(البقرہ:187) یعنی جب میرے بندے تجھ سے سوال کریں کہ خدا کہاں ہے اور اس کا کیا ثبوت ہے تو کہہ دو کہ وہ بہت ہی قریب ہے اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ جب کوئی دعا کرنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اسے جواب دیتا ہوں۔ یہ جواب کبھی رویا صالحہ کے ذریعہ ملتا ہے اور کبھی کشف اور الہام کے واسطے سے۔ اور علاوہ بریں دعاؤں کے ذریعہ خدا تعالیٰ کی قدرتوں اور طاقتوں کا اظہار ہوتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایسا قادر ہے کہ مشکلات کو حل کر دیتا ہے۔

غرض دعا بڑی دولت اور طاقت ہے اور قرآن شریف میں جا بجا اس کی ترغیب دی ہے اور ایسے لوگوں کے حالات بھی بتائے ہیں جنہوں نے دعا کے ذریعہ اپنی مشکلات سے نجات پائی۔ انبیاء علیہم السلام کی زندگی کی جڑ اور ان کی کامیابیوں کا اصل اور سچا ذریعہ یہی دعا ہے۔ پس میں نصیحت کرتا ہوں کہ اپنی ایمانی اور عملی طاقت کو بڑھانے کے واسطے دعاؤں میں لگے رہو۔ دعاؤں کے ذریعہ سے ایسی تبدیلی ہوگی جو خدا کے فضل سے خاتمہ بالخیر ہو جاوے گا۔

تیسرا ذریعہ صحبت صادقین

تیسرا پہلو جو قرآن سے ثابت ہے وہ صحبت صادقین ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے(-)(التوبہ:119)

یعنی صادقوں کے ساتھ رہو۔ صادقوں کی صحبت میں ایک خاص اثر ہوتا ہے۔ ان کا نور صدق و استقلال دوسروں پر اثر ڈالتا ہے اور ان کی کمزوریوں کو دور کرنے میں مدد دیتا ہے۔

یہ تین ذریعے ہیں جو ایمان کو شیطان کے حملوں سے محفوظ رکھتے ہیں اور اسے طاقت دیتے ہیں۔ اور

جب تک ان ذرائع سے انسان فائدہ نہیں اٹھاتا اس وقت تک اندیشہ رہتا ہے کہ شیطان اس پر حملہ کر کے اس کے متاع ایمان کو چھین نہ لے جاوے۔ اسی لئے بہت بڑی ضرورت اس امر کی ہے کہ مضبوطی کے ساتھ اپنے قدم کو رکھا جاوے اور ہر طرح سے شیطانی حملوں سے احتیاط کی جاوے۔ جو شخص ان تینوں ہتھیاروں سے اپنے آپ کو مسلح نہیں کرتا ہے مجھے اندیشہ ہے کہ وہ کسی اتفاقی حملہ سے نقصان اٹھاوے۔

دفع شر کے بعد کسب خیر اصل مقصد ہے

لیکن یہ بات یاد رکھو کہ کتابوں میں جب لکھا جاتا ہے کہ بدیاں چھوڑ دو اور نیکیاں کرو تو بعض آدمی اتنا ہی سمجھ لیتے ہیں کہ نیکیوں کا کمال اسی قدر ہے کہ جو مشہور بدیاں ہیں مثلاً چوری، زنا، غیبت، بددیانتی، بدنظری وغیرہ موٹی موٹی بدیوں سے بچتے ہیں تو اپنے آپ کو سمجھنے لگتے ہیں کہ ہم نے نیکی کے تمام مدارج حاصل کر لئے ہیں اور ہم بھی کچھ ہو گئے ہیں۔ حالانکہ اگر غور کر کے دیکھا جاوے تو یہ کچھ بھی چیز نہیں ہے۔ بہت سے لوگ ایسے ہیں جو چوری نہیں کرتے ہیں۔ بہت سے ایسے ہیں جو ڈاکے نہیں مارتے یا خون نہیں کرتے یا بدنظری یا بدکاری کی بدعادتوں میں مبتلا نہیں ہیں۔ زیادہ سے زیادہ اسے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس نے ترک شر کیا ہے خواہ وہ عدم قدرت ہی کی وجہ سے ہو۔ قرآن شریف صرف اتنا ہی نہیں چاہتا کہ انسان ترک شر کر کے سمجھ لے کہ بس اب میں صاحب کمال ہو گیا، بلکہ وہ تو انسان کو اعلیٰ درجہ کے کمالات اور اخلاق فاضلہ سے متصف کرنا چاہتا ہے کہ اس سے ایسے اعمال و افعال سرزد ہوں جو بنی نوع کی بھلائی اور ہمدردی پر مشتمل ہوں اور ان کا نتیجہ یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جاوے۔ میں اس بات کو بار بار کہتا ہوں کہ تم میں سے کوئی اپنی ترقی اور کمال روحانی کی یہی انتہا نہ سمجھ لے کہ میں نے ترک بدی کی ہے۔ صرف ترک بدی نیکی کے کامل مفہوم اور منشاء کو اپنے اندر نہیں رکھتی۔ بار بار ایسا تصور کرنا کہ میں نے خون نہیں کیا خوبی کی بات نہیں کیونکہ خون کرنا ہر ایک شخص کا کام نہیں ہے۔ یا یہ کہنا کہ زنا نہیں کیا کیونکہ زنا کرنا تو کنجروں کا کام ہے نہ کہ کسی شریف انسان کا۔ ایسی بدیوں سے پرہیز زیادہ سے زیادہ انسان کو بدمعاشوں کے طبقے سے خارج کر دے گا۔ اور اس سے زیادہ کچھ نہیں۔ مگر وہ جماعت (جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں کیا ہے کہ انہوں نے ایسے اعمال صالحہ کئے کہ خدا تعالیٰ ان سے راضی ہو گیا اور وہ خدا تعالیٰ سے راضی ہو گئے) صرف ترک بدی ہی سے نہ بنی تھی۔ انہوں نے اپنی زندگیوں کو خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے ہیچ سمجھا۔ خدا کی مخلوق کو نفع پہنچانے کے واسطے اپنے آرام و آسائش کو ترک کر دیا۔ تب جا کر وہ ان مدارج اور مراتب پر پہنچے کہ آواز آ گئی **رضی اللّٰہ عنھم**............(البینۃ :9)

مگر میں دیکھتا ہوں کہ اس وقت......کی یہ حالت ہو رہی ہے کہ کسب خیر تو بڑی بات ہے اور وہی اصل مقصد ہے لیکن وہ تو ترک بدی میں بھی سست نظر آتے ہیں اور ان کاموں کا تو ذکر ہی کیا ہے جو صلحاء کے کام ہیں۔

پس تمہیں چاہئے کہ تم ایک ہی بات اپنے لئے کافی نہ سمجھ لو۔ ہاں اول بدیوں سے پرہیز کرو۔ اور پھر ان کی بجائے نیکیوں کے حاصل کرنے کے واسطے سعی اور مجاہدہ سے کام لو اور پھر خدا تعالیٰ کی توفیق اور اس کا فضل دعا سے مانگو۔ جب تک انسان ان دونوں صفات سے متصف نہیں ہوتا یعنی بدیاں چھوڑ کر نیکیاں حاصل نہیں کرتا وہ اس وقت تک مومن نہیں کہلا سکتا۔ مومن کامل ہی کی تعریف میں تو **انعمت علیھم** فرمایا گیا ہے۔ اب غور کرو کہ کیا اتنا ہی انعام تھا کہ وہ چوری چکاری رہزنی نہیں کرتے تھے یا اس سے کچھ بڑھ کر مراد ہے؟ نہیں۔ **انعمت علیھم** میں تو وہ اعلیٰ درجہ کے انعامات رکھے ہیں جو مخاطبہ اور مکالمہ الٰہیہ کہلاتے ہیں۔

اگر اسی قدر مقصود ہوتا جو بعض لوگ سمجھ لیتے ہیں کہ موٹی موٹی بدیوں سے پرہیز کرنا ہی کمال ہے تو **انعمت علیھم** کی دعا کی تعلیم نہ ہوتی جس کا انتہائی اور آخری مرتبہ اور مقام خدا تعالیٰ کے ساتھ مکالمہ اور مخاطبہ ہے۔ انبیاء علیہم السلام کا اتنا ہی تو کمال نہ تھا کہ وہ چوری چکاری نہ کیا کرتے تھے بلکہ وہ خدا تعالیٰ کی محبت، صدق، وفا میں اپنا نظیر نہ رکھتے تھے۔ پس اس دعا کی تعلیم سے یہ سکھایا کہ نیکی اور انعام ایک الگ شئ ہے۔ جب تک انسان اسے حاصل نہیں کرتا اس وقت تک وہ نیک اور صالح نہیں کہلا سکتا اور **منعم علیہ** کے زمرہ میں نہیں آتا۔ اس سے آگے فرمایا **غیر المغضوب علیھم** ...... (الفاتحہ: 7) اس مطلب کو قرآن شریف نے دوسرے مقام پر یوں فرمایا ہے کہ مومن کے نفس کی تکمیل دو شربتوں کے پینے سے ہوتی ہے۔ ایک شربت کا نام کافوری ہے اور دوسرے کا نام **زنجبیلی** ہے۔ کافوری شربت تو یہ ہے کہ اس کے پینے سے نفس بالکل ٹھنڈا ہو جاوے اور بدیوں کے لئے کسی قسم کی حرارت اس میں محسوس نہ ہو۔ جس طرح پر کافور میں یہ خاصہ ہوتا ہے کہ وہ زہریلے مواد کو دبا دیتا ہے اسی لئے اسے کافور کہتے ہیں۔ اسی طرح پر یہ کافوری شربت گناہ اور بدی کی زہر کو دبا دیتا ہے اور وہ مواد ردّیہ جو اٹھ کر انسان کی روح کو ہلاک کرتے ہیں ان کو اٹھنے نہیں دیتا بلکہ بے اثر کر دیتا ہے۔ دوسرا شربت **زنجبیلی** ہے جس کے ذریعہ انسان میں نیکیوں کے لئے ایک قوت اور طاقت آتی ہے اور پھر حرارت پیدا ہوتی ہے۔ پس ......اصل مقصد اور غرض ہے۔ یہ گویا **زنجبیلی** شربت ہے اور **غیر المغضوب** ......(الفاتحہ: 7) کافوری شربت ہے۔

☆......☆......☆......☆

تعارف کتب

سیرت وسوانح حضرت اماں جان

نام کتاب: سیرت وسوانح حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ حرم سیدنا حضرت مسیح موعود

تصنیف وتالیف: پروفیسر سیدہ نسیم سعید

طبع: اول

صفحات: 814

حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ وہ مبارک اور بزرگ خاتون تھیں جو سیدنا حضرت مسیح موعود کی حرم محترم، ایک جلیل القدر بزرگ کی بیٹی، دو عالم باعمل بزرگوں کی بہن اور مبشر اولاد کی والدہ تھیں۔

1884ء میں 18 سال کی عمر میں آپ کی شادی حضرت سیدنا مسیح موعود سے ہوئی اور آپ سیدنا حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی وفات 1908ء کے بعد 44 سال زندہ رہیں۔ آپ نے اخلاق فاضلہ، نیکی، تقویٰ، دعا اور عبادت میں شغف، مالی جہاد میں شمولیت، صدقہ و خیرات، مہمان نوازی، یتامیٰ کی پرورش اور تربیت، محنت، صبر و رضا اور توکل علی اللہ کا بے مثال نمونہ دکھایا جو احمدی خواتین کے لئے بہترین مشعل راہ ہے۔

لجنہ اماء اللہ ضلع لاہور مبارکباد کی مستحق ہے کہ اسے ''سیرۃ وسوانح حضرت اماں جان'' شائع کرنے کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ اس کی مصنفہ پروفیسر سیدہ نسیم سعید نے نہایت محنت اور عرقریزی سے حضرت اماں جان کی سیرت کے مختلف پہلوؤں کو احسن انداز میں جمع کر دیا ہے۔ اس کے ماخذ کے بارے میں آپ تحریر کرتی ہیں:۔

پہلا ماخذ:

میری کتاب کا پہلا ماخذ سیرۃ ام......جلد اول و دوم حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی اور محمود احمد صاحب عرفانی کی ہیں۔ انہوں نے حضرت سیدہ اماں جان کی سیرۃ اور 1943ء تک کی زندگی پر کافی مواد جمع کیا ہے اگرچہ دونوں باپ بیٹوں کے بقول غیر مربوط اور منتشر ہے بلکہ تکرار بہت ہے۔ اس کو سیرۃ وسوانح کے جدید تقاضوں کے مطابق مختلف عنوانات کے تحت عاجزہ نے مرتب کیا ہے۔

دوسرا ماخذ:

حضرت اماں جان کا وصال 20 اپریل 1952ء کو ہوا۔ حضرت اماں جان کے انتقال کے بعد آپ پر الفضل میں روزانہ مضامین شائع ہوتے۔ نیز مصباح اور دوسرے رسائل نے خاص نمبر بھی شائع کئے۔ اور یوں بھی رسائل میں برابر مضامین شائع ہوتے رہے۔ عاجزہ نے سیرۃ وسوانح کے کام کو وسیع تر کرنا تھا۔ اس لئے لاہور سے ربوہ جا کر خلافت لائبریری میں کئی کئی گھنٹے بیٹھ کر اپریل 1952ء سے الفضل اور مصباح کے فائل دیکھے بلکہ بعد کے سالوں کے شمارے کھنگالے اور سینکڑوں صفحات فوٹو اسٹیٹ کروا کے لائی جن کو پڑھا اور مطلوبہ حصے منتخب کئے۔ ان کو نقل کرنے کے لئے میرے ساتھ بہت سی بچیوں اور بہنوں بلکہ ان کے گھروں کے بعض حضرات نے بھی ثواب میں شامل ہونے کے لئے حصہ لیا۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے دارین عطا فرمائے۔ آمین

تیسرا ماخذ:

وہ تمام چھوٹی چھوٹی کتب جو دراصل عرفانی صاحب کی کتب سے تیار کی گئی ہیں یا مضامین اور تقاریر کا مجموعہ ہیں وہ بھی پڑھیں جس میں سے بھی کوئی نیا نکتہ ملا۔ حوالے کے ساتھ شامل کر لیا گیا ہے۔ تمام کتب کے نام کتابیات کے عنوان میں درج ہیں۔

چوتھا ماخذ:

حضرت اماں جان کی پوتیوں اور نواسیوں سے (جنہوں نے آپ کو اپنے بچپن میں یا اپنی باشعور عمر اور ہوشمندی میں دیکھا) ان کی یادداشتیں حاصل کیں۔ اور ان سب کی مدد سے اس عظیم خاتون کی سیرۃ وسوانح مرتب کرنے کی کوشش کی۔

اور سب سے بڑا ماخذ تو دعا ہے۔ دعا ہی اول، دعا ہی آخر۔

یہ کتاب 50 ابواب پر مشتمل ہے جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

حضرت مسیح موعود کے خاندانی حالات۔ حضرت اماں جان کے خاندانی حالات۔ خدائی الہامات کے مطابق آپ کی شادی۔ حضرت اماں جان کا بے مثال ایمان۔ آپ کا عشق الٰہی، قرآن کریم اور آنحضرتؐ سے محبت۔ عبادت سے شغف، یتیموں کی ماں۔ قیدیوں پر شفقت، خدمت گاروں سے حسن سلوک۔ دعوت الی اللہ۔ آپ کے مکتوب۔ روایات۔ خلافت سے عقیدت۔ آپ کے حسین روپ بحیثیت بیوی، سوتیلی ماں، بھاوج، بہو، بیٹی، بہن، نند، ساس۔ آپ کی مثالی تربیت۔ بیماری اور وفات۔ اولاد کی تفصیل۔

محترمہ فوزیہ بیگم صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ ضلع لاہور اس کے پیش لفظ میں تحریر کرتی ہیں:۔

''کتاب پڑھ کر آپ کو اندازہ ہوگا کہ کس قدر محنت سے سلسلے کے لٹریچر میں حضرت اماں جان کے متعلق بکھرا ہوا مواد مصنفہ نے یکجا کیا اور خاندان حضرت مسیح موعود کی وہ خواتین جن کو حضرت اماں جان کی صحبت میسر آئی ان سے انٹرویو لے کر مزید گھریلو ماحول اور آپ کی نجی زندگی کے حالات اس کتاب کی زینت بنائے۔''

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کتاب کو حد درجہ مقبولیت عطا فرمائے اور یہ کتاب ہر گھر کی ضرورت بن جائے۔ احمدی خواتین کی تعلیم و تربیت کے لئے بہت ہی مفید اور بابرکت ثابت ہو۔

(ع۔س۔خاں)

یوم اتحاد (3/ اکتوبر) کے موقع پر

جرمنی کی احمدیہ بیوت الذکر میں تقریبات

ہر سال 3/ اکتوبر کا دن جرمنی بھر میں یوم اتحاد کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن جماعت احمدیہ جرمنی کے تمام مراکز اور بیوت الذکر میں ہر خاص و عام کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ بیوت الذکر اور نماز سنٹروں کا دورہ کرے اور احمدیت کے متعلق معلومات و لٹریچر حاصل کرے۔ اس دن کو منانے کی غرض سے پہلے ہی تیاریاں شروع کر دی جاتی ہیں جس میں بیوت الذکر اور نماز سنٹروں کی تزئین و آرائش، معلوماتی بینرز اور پوسٹر لگانا، تصاویر گیلری اور دعوت الی اللہ کے اسٹال لگانا شامل ہے۔ زیادہ سے زیادہ احباب کو اس میں شامل کرنے کے لئے ان کو ذاتی طور پر اور اخبارات میں اشتہار دے کر دعوت دی جاتی ہے۔ 2004ء میں بھی جرمنی بھر کی جماعتوں نے یہ دن بھرپور طریق سے منایا۔ آمدہ رپورٹس کا مختصر جائزہ پیش کیا جا رہا ہے۔

جماعت **Reutlingen** نے تقریباً پندرہ روز قبل پروگرام کو کامیاب کرنے کے لئے تیاری شروع کر دی تھی۔ نماز سنٹر میں 11 بجے پروگرام کا آغاز ہوا۔ کل 87 مہمان آئے جن میں 38 جرمن تھے۔ برگا ماسٹر اور اس کے ساتھ ایک اور رکن بھی تشریف لائے اور ڈیڑھ گھنٹہ تک صدر صاحب اور سیکرٹری صاحب دعوت الی اللہ سے گفتگو کرتے رہے۔ اسی طرح دو وکیل اور دو ڈاکٹرز بھی تشریف لائے۔ دو اخباری نمائندوں نے شرکت کی اور انٹرویو کئے۔ دو اخباروں نے اس پروگرام کی خبر بھی شائع کی۔ 13 مہمانوں نے اپنے تاثرات بھی قلم بند کئے۔ ہر طرف تین TV اور VCR چل رہے تھے جن پر عربی جرمن اور ترک کیسٹ چل رہی تھیں۔ اس پروگرام میں بک سٹال بھی لگایا گیا تھا۔ الغرض یہ پروگرام شام سات بجے اختتام پذیر ہوا۔

جماعت **Waiblingen** نے اپنے نماز سنٹر میں مرکزی ہدایت کے مطابق پروگرام کو کامیاب کرنے کے لئے 11 بجے پروگرام کا آغاز کیا۔ شہر کی انتظامیہ کی انچارج اور غیر ملکیوں کے لئے قائم دفتر (Auslanderamt Beirat) کی نمائندہ، CDU سیاسی پارٹی کا Stadt Beirat کا رکن اور ان کی اہلیہ نے دورہ کیا۔ کل 30 مہمان تشریف لائے اور 11 نے اپنے تاثرات بھی قلم بند کئے۔ شہر کے دو اخباروں نے اس پروگرام کے منعقد ہونے کی خبر دی۔

